# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 10 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے صرف دس دِن باقی؛تشہیری مہم تیز؛وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کیا کل ناندیڑ اور اکولہ میں جلسۂ عام سے خطاب۔

☆ بی جے پی اور مہاوِکاس آگھاڑی کے منشوروں کا آج کیا جائے گا اعلان۔

☆ رائے دہی کیلئے ووٹر شناختی کارڈ کے علاوہ 12 قسم کے دستاویزات کی اجازت۔

☆ بیڑ اور ہنگولی میں ہاؤس پولنگ کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ رائے دہندگان کی بیداری کی خاطر ریاست میں ہر طرف مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاست میں اسمبلی انتخابات کیلئے صرف دس دِن باقی رہ گئے ہیں۔ انتخابی مہم زور پکڑ چکی ہے۔ ریاست بھر میں مختلف سیاسی جماعتوں کے سرکردہ قائدین کے جلسے اور صحافتی کانفرنسیں ہو رہی ہیں۔ بی جے پی کے سینئر قائد اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل اکولہ اور ناندیڑ میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ مہایوتی کے 9 اسمبلی حلقوں کے امیدواروں اور لوک سبھا ضمنی چناؤ کے بی جے پی امیدوار کی تشہیر کیلئے ناندیڑ میں منعقدہ جلسہ میں مودی نے اس یقین کا اظہار کیا کہ مراٹھواڑہ میں پانی کے مسئلے کے حل کی خاطر مہایوتی حکومت واٹر گرڈ منصوبے کو نافذ کرنے میں کامیاب ہوگی۔

مودی نے اکولہ کی تشہیری مہم کے دوران ''ایک ہے تو سُرکشت ہے'' کے نعرے کا اعادہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ مہاراشٹر نے 2019 سے 2024 تک مسلسل دس برس تک بی جے پی کو موقع دیا ہے۔ اس سے مہاراشٹر کے لوگوں کی حب الوطنی' سیاسی سمجھ بوجھ اور دُور اندیشی کا پتہ چلتا ہے۔ ان جلسوں میں ریاستی اور مرکزی حکومت کی مختلف اسکیمات کے بارے میں معلومات دیتے ہوئے انھوں نے مہاوِکاس آگھاڑی اور کانگریس پر بدعنوانی اور اقرباء پروری کا الزام عائد کیا۔

***** ***** *****

کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھرگے نے الزام عائد کیا ہے کہ بی جے پی ''ایک ہے تو سُرکشت ہے'' اور 'بٹیں گے تو کٹیں گے'' جیسے نعرے دیکر تقسیم کی سیاست کر رہی ہے۔ کھرگے' کل ناگپور میں ایک صحافتی کانفرنس میں بول رہے تھے۔ انھوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ناگپور کے میہان میں آئے ایئر بیس کے پروجیکٹ کو گجرات منتقل کر دیا گیا۔ کھرگے نے امراوتی کے تیواسے میں کانگریس امیدوار یشومتی ٹھاکر اور مشرقی ناگپور میں پارٹی امیدوار نتن راؤت کی انتخابی مہم سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

بی جے پی رہنماء اور مرکزی وزیرِ داخلہ اَمت شاہ آج ممبئی میں پارٹی کا چناوی منشور جاری کریں گے۔ ساتھ ہی وزیرِ موصوف آج جلگاؤں، بلڈانہ اور امراوتی میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔
اسی دوران کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھرگے بھی ریاستی انتخابات کیلئے مہاوِکاس آگھاڑی کا منشور جاری کریں گے۔ اس موقع پر کانگریس کے سیکریٹری کے سی وینو گوپال، پارٹی کے مہاراشٹر کے انچارج رمیش چینّی تھلا، راشٹروادی کانگریس شرد پوار کے جینت پاٹل اور شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے کے سنجئے راؤت موجود رہیں گے۔

***** ***** *****

بی جے پی لیڈر دیویندر پھڑنویس نے چھترپتی سمبھاجی نگر میں اورنگ آباد مشرق کے امیدوار اتل ساوے، وسطی حلقے کے امیدوار پردیپ جیسوال اور مغربی حلقے کے سنجئے شرساٹ کی انتخابی تشہیر کیلئے جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ اس موقع پر پھڑنویس نے تیقن دیا کہ مراٹھواڑہ کی پہلی پیڑھی نے یہ قحط سالی دیکھی ہے، تاہم اگلی نسل یہ نظارہ نہیں دیکھے گی۔
اسی بیچ شرساٹ کے چناوی مہم کی خاطر فلم اداکار گووندا نے شہر میں ریلی نکالی۔ وہیں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے پربھنی میں شیوسینا کے امیدوار آنند بھروسے اور جنتور سے بی جے پی امیدوار میگھنا بورڈیکر کے چناوی جلسوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ مہایوتی حکومت دس نکاتی منصوبے پر کام کرے گی۔ شندے نے یہ بھی کہا کہ خزانے پر لاڈلی بہنوں، بھائیوں اور کسانوں کا سب سے زیادہ حق ہے۔

***** ***** *****

این سی پی شرد چندراپوار پارٹی کے قومی صدر شرد پوار نے کہا کہ مہاراشٹر میں چناؤ لڑنے پارٹیوں اور امیدواروں کی تعداد زیادہ ہے، اس لیے امیدواروں کو خوب مشقت کرنی ہوگی۔ پوار کل ایک نیوز چینل کو انٹرویو دے رہے تھے۔ شرد پوار نے کل ہنگولی سمیت بیڑ کے پرلی اور آشٹی میں بھی انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے نے کل ناندیڑ ضلع کے لوہا اور قندھار میں انتخابی مہم چلائی۔ اس موقع پر تنقید کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مہاوِکاس آگھاڑی حکومت نے اپنے دور میں ساڑھے چھ لاکھ کروڑ روپئے کی صنعتیں مفاہمت ناموں کے ذریعے ریاست میں لائی، لیکن مہایوتی نے تمام صنعتوں کو گجرات روانہ کردیا۔ ٹھاکرے نے کل پربھنی سمیت ہنگولی کے کلمنوری میں بھی چناوی جلسوں سے خطاب کیا۔
اسی طرح کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے جالنہ میں پارٹی امیدوار کیلاش گورنٹیال اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں اورنگ آباد مشرق کے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار لہو شیواڑے کی تشہیری مہم میں شرکت کی۔
وہیں مجلس اتحادالمسلمین (MIM) کے قومی صدر اور رُکنِ پارلیمان اسدالدین اویسی نے کل اورنگ آباد وسطی اور مشرقی حلقے کے امیدواروں کی انتخابی تشہیر کی خاطر پدیاترا کی اور شہریان سے رابطہ کیا۔ اویسی نے ہرسول میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کیلئے رائے دہی آئندہ 20 نومبر کو ہوگی۔ ووٹ ڈالنے کیلئے الیکشن کارڈ کے علاوہ دیگر 12 شناختی دستاویزات قبول کیے جائیں گے۔ ان میں آدھار کارڈ، پین کارڈ، بینک پاس بُک، منریگا کے تحت جاری کیے گئے شناختی کارڈ، بیمہ اسمارٹ کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس، بھارت کے رجسٹرار جنرل اور مردُم شماری کمشنر کے ذریعے جاری شناختی کارڈس، پاسپورٹ، پنشن کے دستاویز، مرکزی و ریاستی حکومتوں، پبلک لمیٹڈ کمپنیوں، پارلیمان، اسمبلی اور کاؤنسل کے اراکین کی جانب سے تقسیم کیے گئے شناختی ثبوت اور معذور افراد کو دیئے گے شناختی کارڈس شامل ہیں۔ یہ اطلاع انتخابی کمشنر نے دی۔

***** ***** *****

سامعین کرام؛ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر ''آڑھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھا نچا'' نامی پروگرام روزانہ شام سات بجکر 10 منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔اس پروگرام میں آج گڑ چرولی اور چندر پور اضلاع کے اسمبلی حلقوں میں جائزہ پیش کیا جائیگا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے پنج سالہ انتخابات میں موجودہ پرنسپل کوتک راؤ ٹھالے پاٹل کے زیرِ قیادت پینل کے تمام 22 امیدواروں نے کامیابی حاصل کی ہے۔اس پینل کے خلاف ڈاکٹر سرجے راؤ جگے، پریورتن منچ کے 15 امیدوار میدان میں تھے۔کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں واقع پریشد کے دفتر میں ووٹوں کی گنتی کی گئی۔ایکزیکیٹیو بورڈ کا اجلاس آئندہ 15 دِنوں میں ہوگا، جس میں عہدیداروں کا انتخاب کیا جائے گا۔پرنسپل ٹھالے پاٹل نے بتایا کہ انھوں نے یہ چناؤ چھٹی بار جیتا ہے۔انھوں نے مزید بتایا کہ اب مراٹھواڑہ کی ادبی تاریخ لکھنے اور شائع کرنے کی پہل کے ساتھ ساتھ مراٹھی زبان کی لغت بنانے کا کام بھی کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بیڑ اسمبلی حلقے میں کل سے ہاؤس پولنگ شروع کی گئی۔اس کے تحت پوسٹل بیلٹ کے ذریعے 85 برس سے زائد عمر کے اہل رائے دہندگان اور معذور افراد کے گھر جا کر ووٹنگ کرائی جاتی ہے۔اس حلقے میں کُل 307 شہری گھر بیٹھے ووٹ ڈالیں گے۔یہ رائے دہی آج جاری رہے گی۔اس مقصد کیلئے کُل 22 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ہنگولی اسمبلی حلقے میں بھی ہاؤس پولنگ کا آغاز کردیا گیا ہے، جس کیلئے کُل 18 ٹیمیں مقرر کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

سویپ پروگرام کے تحت ناندیڑ میں کل رائے دہندگان کی تعداد میں اضافے کی خاطر ایک رنگولی مقابلے کا انعقاد شری گرو گوبند سنگھ جی گورنمنٹ انڈسٹرئیل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کے احاطے میں کیا گیا۔اس مقابلے کے ذریعے دیہی علاقے میں ووٹنگ کا فیصد بڑھانے کا پیغام دیا گیا اور امید کی گئی کہ تمام خواتین رائے دہی کے اپنے حق کا استعمال کریں گی۔ساتھ ہی اس مقام پر سیلفی پوائنٹ بھی بنایا گیا۔اس موقع پر ضلع پریشد کی CEO مینل کرنوال نے شہریوں سے ووٹ دینے کی اپیل کرتے ہوئے انھیں حلف دلایا۔

***** ***** *****

لاتور دیہی کے انتخابی ریٹرننگ افسر سندیپ کلکرنی کی قیادت میں انتخابی بیداری ٹیم نے گاؤں میں گھر گھر جا کر رائے دہندگان کو ووٹ ڈالنے کی ترغیب دی تاکہ ووٹنگ کے فیصد میں اضافہ کیا جاسکے۔

اسی طرح جالنہ ضلع کے جن دیہی علاقوں میں پچھلی مرتبہ رائے دہی کا فیصد کم تھا وہاں خاص طور پر ریلی نکال کر رائے دہی کیلئے عہد نامہ پڑھا جارہا ہے اور ووٹنگ کی اپیل کی جارہی ہے۔انتخابی ریٹرننگ افسر منیشا دانڈگے کی رہنمائی میں اساتذہ اور گاؤں والوں کی مدد سے انتروالی سرائی' نالے واڑی' والکیشور' شاہ گڑھ، انکش نگر کارخانہ، وڑی گودری' شاہ پور اور داڑے گاؤں میں پھیریاں نکالی گئیں۔

***** ***** *****

سویپ پروگرام کے تحت پربھنی میں رائے دہی کی خاطر ووٹرس میں بیداری لانے کیلئے آئندہ 14 نومبر کو ضلع سطح کی میراتھان اور 17 تاریخ کو سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے صرف دس دِن باقی؛ تشہیری مہم تیز؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کیا کل ناندیڑ اور اکولہ میں جلسۂ عام سے خطاب۔

☆ بی جے پی اور مہاوِکاس آگھاڑی کے منشوروں کا آج کیا جائے گا اعلان۔

☆ رائے دہی کیلئے ووٹر شناختی کارڈ کے علاوہ 12 قسم کے دستاویزات کی اجازت۔

☆ بیڑ اور ہنگولی میں ہاؤس پولنگ کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ رائے دہندگان کی بیداری کی خاطر ریاست میں ہر طرف مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****